© rasailojaraid.com

انٹرویو

# مسلم معاشروں کے لیے مدرسہ کا وجود ناگزیر ہے

## مدینہ منورہ کے اردو چینل "وصال اردو" کو حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم

## ناظم علیٰ وفاق المدارس کا فکر انگیز انٹرویو (حصہ اوّل)

انٹرویو نگار: غلام نبی مدنی

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری دامت برکاتہم امسال حج پر تشریف لے گئے تو مدینہ منورہ قیام کے دوران وہاں کے "وصال اردو چینل" نے حضرت ناظم اعلیٰ مدظلہم کے خصوصی انٹرویو کا اہتمام کیا۔ حضرت ناظم اعلیٰ وفاق مدظلہم نے موجودہ حالات اور مدارس کے حوالے سے اور خصوصاً میڈیا وار کے تناظر میں نہایت شرح وبسط کے ساتھ سوالات کے پر مغز جوابات دیے۔ اس انٹرویو کو ناظرین کی بڑی تعداد نے سنا اور فکر انگیز جوابات کو سراہا، انٹرویو کے مندرجات کی اہمیت کے پیش نظر ماہنامہ "وفاق المدارس" میں شائع کیا جارہا ہے۔

**وصال اردو:** دینی مدارس کے حوالے سے وقتاً فوقتاً مختلف باتیں گردش کرتی رہتی ہیں، بہت سے ایسے سوالات ہیں جو دینی مدارس کے بارے میں کیے جاتے ہیں اور مدارس پر الزامات بھی لگائے جاتے ہیں۔ مدارس کو بہت سے مسائل کا سامنا ہے، مثلاً عیدالاضحیٰ پر قربانی کی کھالوں کا معاملہ ہے یا اسی طرح مدارس کے جو اخراجات ہیں اس حوالے سے حکومت کی طرف سے کچھ چیزیں لائی جاتی ہیں، اسی طرح بینک اکاؤنٹس کا معاملہ ہے، ان کے آڈٹ وغیرہ کے بھی معاملات ہیں...... پھر مدارس کے طلبہ کے حوالے سے باتیں کی جاتی ہیں کہ مدارس کے طلبہ معاشرے میں اپنے روزگار کے حوالے سے سیٹل نہیں ہو پاتے۔ نئی حکومت جو آئی ہے عمران خان صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ مدارس کے طلبہ کو انجینئر ہونا چاہیے ڈاکٹر ہونا چاہیے...... تو کیا مدارس کے طلبہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ جج بھی بن جائیں، انجینئر بھی بن جائیں اور سیاست دان بھی بن جائیں، بیوروکریٹس بھی بن جائیں؟!

اسی طریقے سے مدارس کے نصاب پر جدید تعلیم کے حوالے سے اعتراضات اٹھائے جاتے ہیں وہ کس حد تک درست ہیں؟ مدارس کے پورے نظام کے حوالے سے، جدید تعلیم کے حوالے سے، نصاب کے حوالے سے مدارس پر جو الزامات ہیں اس حوالے سے اور مدارس کو کن مسائل کا سامنا ہے اور حکومت مدارس کی دینی تعلیم کے ساتھ کس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

طرح سے تعاون کرسکتی ہے اور دینی مدارس کس طرح سے حکومت کے ساتھ تعاون کر سکتے ہیں؟ تو اسی حوالے سے آج ہمارے ساتھ بات چیت کے لیے موجود ہیں ہمارے پروگرام میں خصوصی مہمان، بہت معزز مہمان ہیں پاکستان کے **حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب**، جو ناظم اعلیٰ ہیں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اور ترجمان ہیں اتحاد تنظیمات مدارس کے اور جامعہ خیر المدارس ملتان کے مہتمم بھی ہیں، اسی طرح اسلامی نظریاتی کونسل کے ممبر بھی ہیں۔ پاکستان کے دینی مدارس کے حوالے سے اور دینی معاملات میں آپ کا بہت بڑا کردار رہا ہے۔ آج ہمارے ساتھ موجود ہیں ہم ان سے بات کریں گے، بہت شکریہ حضرت قاری صاحب!......آپ تشریف لائے ہمارے پروگرام میں، سب سے پہلے تو یہ فرمائیے گا کہ مدارس کی جو اہمیت اور ضرورت ہے بہت سے لوگ کہتے ہیں مدارس تو نہیں ہونے چاہییں کیونکہ نظام تبدیل ہو گیا ہے، دنیا جدید ہو گئی ہے، قدامت پسند اور روایت پرست لوگ نہیں رہے تو تو مدارس کی اہمیت اور ضرورت کیا ہے؟ اور مدارس پاکستان میں اس وقت کس طرح چل رہے ہیں؟ اوران کی تعداد کتنی ہے اور کیا وہ کم ہو رہے ہیں یا آگے بڑھ رہے ہیں......آپ کیا کہیں گے اس حوالے سے؟

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس:**......بسم اللہ الرحمٰن الرحیم......السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

سب سے پہلے تو میں آپ کا شکر گزار ہوں اور وصال اردو چینل کا شکر گزار ہوں کہ مجھے آپ نے یہ موقع دیا کہ اپنی بات کہہ سکوں۔ دینی مدارس اور اسلام یہ آپس میں لازم وملزوم ہیں، جتنی پرانی تاریخ اسلام کی ہے اتنی پرانی تاریخ دینی مدارس کی ہے۔ جب جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر غارِ حرا مکۃ المکرمہ میں پہلی وحی کا نزول ہوا اقرا ء بسم ربك الذی خلق تو اسی دن مدرسہ بھی وجود میں آ گیا۔ اس لیے کہ اس میں پڑھنے کا حکم تھا پڑھنا بھی وہ ہے جس سے رب کی پہچان ہو، تو اس سے معلوم یہ ہوا کہ وہ تعلیم ضروری ہے جس سے خالق کی معرفت ہو۔ خالق کی معرفت کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں اپنے پروردگار؛ اپنے پیدا کرنے والے کی ذات کا علم ہو؛ اس کی صفات کا علم ہو اور اس کے اَحکام کا علم ہو، اس لحاظ سے میں یہ کہتا ہوں کہ اسلام جہاں ہوگا وہاں دین کا مدرسہ ہوگا، جہاں مدرسہ ہوگا وہاں اسلام ہوگا۔ جب ہم نے اسلام کو بطور ضابطہ حیات اور دستور زندگی تسلیم کیا ہے تو اس کی تعلیم بھی لازمی ہے۔ یہاں یہ بات بھی میں عرض کر دوں کہ اسلام مذہب نہیں ہے بلکہ اسلام 'دین' ہے۔ اس سے پہلے جو تھے وہ مذاہب تھے لیکن اسلام دین ہے۔ مذہب وہ ہوتا ہے جس میں چند عقائد ہوں عبادات ہوں کچھ اس میں معاشرتی معاملات ہوں لیکن دین مکمل ضابطہ حیات کو کہتے ہیں، دستورِ زندگی کو کہتے ہیں جس میں عقائد بھی ہوں جس میں عبادات بھی ہوں جس میں معاملات بھی ہوں جس میں معیشت اور تجارت کے احکام بھی ہوں اور آداب واخلاق بھی ہوں اور اس لحاظ سے آپ دیکھیں تو قرآن کریم میں جہاں بھی لفظ 'اسلام' آیا ہے اس کے ساتھ دین کا لفظ آیا،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

......اليوم اکملت لکم دینکم و اتممت......ان الدین عنداللہ الاسلام...... اورخود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی احادیث مبارکہ میں اسلام کے لیے دین کا لفظ بولا۔ جبرائیل علیہ السلام جب آئے اور بنیادی سوالات کیے صحابہ کی موجودگی میں تو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا کہ یہ جبرائیل علیہ السلام تھے، کیوں آئے تھے؟ تاکہ تمہیں تمہارا دین سکھائیں۔ جب اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے تو اس کا تعلق عقائد سے بھی ہے اس کا تعلق عبادات سے بھی ہے، اس کا تعلق ہمارے سیاسی نظام سے بھی ہے، ہمارے پارلیمانی نظام سے بھی ہے، ہمارے بزنس سے بھی ہے، ہمارے عدالتی نظام سے بھی ہے، تو پھر ہمیں اسلام کی تعلیم چاہیے ہوگی اور اسلام کی تعلیم جہاں پر ہوتی ہے اس کا نام ’مدرسہ‘ ہے۔ تو مختصر لفظوں میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ جتنا اسلام ضروری ہے اتنا ہی اسلام کی تعلیم ضروری ہے اور اسلام کی تعلیم کا مرکز مدرسہ ہی ہوا کرتا ہے۔ دینی مدارس کی ایک اسلامی سوسائٹی اور معاشرے میں کیا اہمیت ہے اس کو یوں بھی تعبیر کیا جاسکتا ہے کہ انسان جسم و روح کا نام ہے اور اس میں اصل چیز جو ہے وہ روح ہے، تو ایک انسانی معاشرے میں مسلم معاشرے میں یہ جو دین ہے یہ اس کے لیے بمنزلہ روح کے ہے اور جس کے اندر اس کی تعلیم ہوتی ہو وہ بمنزلہ روح کے ہے، اگر آپ دین کے مدرسے کو وہاں سے نکال دیں گے تو وہ معاشرہ ایک اسلامی معاشرہ نہیں کہلائے گا، وہ ایک مردہ معاشرہ کہلائے گا، تو اس لیے جب اسلام پر ہمارا ایمان ہے، اسلام پر ہمارا یقین ہے اور اسلام ایک مکمل لائف دیتا ہے...... پوری زندگی کے لیے رہنمائی دیتا ہے تو اس کے لیے تعلیم بھی ضروری ہے۔ اس کا مرکز جو ہے وہ دین کا مدرسہ ہے۔ اگر میں یہ کہوں کہ ہمارے جسم میں جو حیثیت ہمارے دل کی اور قلب کی ہے وہ ہی حیثیت ہمارے معاشرے میں مدرسے کی ہے غلط نہیں ہوگا۔ انسان کی اگر آنکھیں خراب ہو جائیں تو وہ زندہ رہ سکتا ہے، اس کے کان خراب ہو جائیں، اس کی سماعت کمزور ہو جائے، اس کے ہاتھ اور پاؤں متاثر ہو جائیں وہ زندہ رہتا ہے لیکن اگر کسی کا دل متاثر ہو جائے یا مجروح ہو جائے تو وہ زندہ نہیں رہتا۔ اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ دین کا مدرسہ جو ہے وہ ایک مسلم معاشرے میں وہی حیثیت رکھتا ہے جو بدن انسانی میں دل کی ہے، کہ اگر وہ متاثر ہوگا تو پورا اسلامی معاشرہ متاثر ہوگا، پھر اگر ہم پاکستان کے تناظر میں دیکھیں تو پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے یہ کلمہ کے نام پر وجود میں آئی ہے، پاکستان کا مطلب کیا...... لا الٰہ الا اللّٰہ محمد الرسول اللّٰہ جب پاکستان ایک نظریہ کی بنیاد پر وجود میں آیا اور یہ ایک نظریاتی ریاست ہے، اس کے نظریے کا اعلان بھی اس کے قیام سے پہلے کر دیا گیا، پھر قرارداد مقاصد میں اس ریاست کا نظریاتی رخ متعین کر دیا گیا۔ ۷۳ء کے آئین میں پھر اس کو واضح طور پر بتا دیا گیا کہ پاکستان کا اصل سرکاری مذہب اسلام ہے۔ یہاں قانون سازی قرآن وسنت کے مطابق ہوگی، یہاں کوئی قانون قرآن وسنت کے خلاف نہیں بن سکے گا...... تو قرآن وسنت کیا کہتے ہیں؟...... یہ کون بتائے گا؟...... یہ مدرسہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بتائے گا!۔ اب آپ نے قانون سازی کرنی ہے قرآن وسنت کے مطابق تو قرآن وسنت کا علم چاہیے کہ نہیں؟! قرآن وسنت کی تعلیم چاہیے کہ نہیں؟ اگر آپ کو قرآن وسنت کے بارے میں معلوم نہیں ہے تو آپ اس کی روشنی میں قانون سازی کیسے کرسکیں گے؟ اور مدرسہ جو ہے وہ اس کی تعلیم دیتا ہے، گویا یہ کہا جاسکتا ہے کہ پاکستان جو ایک نظریاتی ریاست ہے اور جس کا سرکاری مذہب اسلام ہے جو اس کے آئین کا تقاضا ہے تو پاکستان کی نظریاتی ریاست اور اس کے آئین کے تقاضے کے مطابق اگر تعلیم دے رہا ہے تو وہ مدرسہ دے رہا ہے۔

**وصالِ اردو:**......آپ نے مدرسے کی تو بات کرلی کہ پاکستان کے اندر بھی اس کی بھی وہ ہی حیثیت ہوگئی اس طرح سے آپ نے مثال بھی دی کہ جس طرح بدن انسانی میں دل کی حیثیت ہے تو ہماری زندگی میں وہی حیثیت اسلام کی ہے۔لیکن سوال یہ ہوتا ہے کہ جو دیگر اسکول ہیں عربی میں ان کو بھی مدارس کہتے ہیں ان کے حوالے سے آپ کیا کہیں گے؟ جو باقی ادارے ہیں ان میں اور دینی مدارس میں جو تفریق ہے اس حوالے سے اور ان میں جو کچھ پڑھایا جاتا ہے اس حوالے سے آپ کیا کہیں گے؟

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس:**......دیکھیں میں عرض کرتا ہوں پاکستان بننے کے بعد ہمارے تعلیم کے تقاضے تبدیل ہوگئے تھے۔ پاکستان بننے کے بعد ہمیں ایسے جامع نظامِ تعلیم کی ضرورت تھی جو ہمارے جدید دور کے تقاضے بھی پورے کرتا اور ہمارے دینی تقاضے بھی پورے کرتا، یہ حکومت کی ذمہ داری تھی مگر بدقسمتی سے ایسا نہ ہوا، جو مسٹر اور ملا کی تفریق برصغیر میں آکر برطانوی سامراج نے کی تھی اسی تقسیم کو ہم نے برقرار رکھا؛ حالانکہ جب ایک اسلامی ریاست وجود میں آرہی تھی اور ایک اسلامی نظریاتی مملکت وجود میں آرہی تھی تو اب ہمارا نصاب تعلیم اور نظام تعلیم ان خطوط پر استوار ہونا چاہیے تھا جو ہمارے ایمانی اور دینی تقاضے بھی پورے کرتا، اور جدید تقاضے بھی پورا کرتا، ایسا نہیں کیا گیا۔ چنانچہ مجبوراً مدارس کو اور علماء کو اپنا سلسلہ جاری رکھنا پڑا اور چونکہ اس لیے کہ دین بھی ایک مسلم معاشرے کی ضرورت ہے ایک مسلمان نے دین پر عمل کرنا ہے، عمل کرنے کے لیے اس کو دین کا علم چاہیے تو علم کے مراکز کے طور پر یہ مدارس وجود میں آئے اور یہ قائم ہوتے رہے۔ مجھے تو اپنے مطالعے کی حد تک اسلام کے اور قرآن وسنت کی روشنی میں یہ تقسیم نہیں ملتی کہ یہ دنیاوی علم ہے یہ دینی علم ہے۔ مجھے جو تقسیم ملتی ہے وہ علم نافع اور غیر نافع کی ملتی ہے۔

علم کی جو تقسیم دین ودنیا کے اعتبار سے ہے اسلام میں نہیں ہے۔ ہر علم اسلام کا تقاضا ہے جو مفید ہو ضروری ہو، ہمیں تو جو تقسیم ملتی ہے وہ نافع اور غیر نافع کی ملتی ہے۔ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا اللھم انی اسئلك علما نافعا اور ایک دعا میں فرمایا کہ اللّٰھم انی اعوذبك علم من لاینفع تو معلوم ہوا علم نافع اور غیر نافع یہ دو تقسیمیں ہیں۔ لہٰذا اسکول اور کالجز اور یونیورسٹیز کی جو تعلیم ہے وہ بھی ہماری ضرورت ہے اس لیے سائنس وٹیکنالوجی ہو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جغرافیہ ہو ریاضی ہو اور جتنے بھی جدید امور ہیں معاشیات کا علم یہ تمام ہماری ضرورت ہیں، لیکن فرق صرف اتنا ہے کہ ایک ہے مقصد اور ایک ہے ضرورت ۔قرآن وحدیث کا علم یہ مسلمان کی زندگی کا مقصد ہے اور جتنے بھی جدید علوم ہیں یہ مسلمان کی ضرورت ہیں۔ مقصد اور ضرورت...... اس کو سامنے رکھنا چاہیے۔اس کو میں ایک مثال سے واضح کرتا ہوں ہم ایک گھر بناتے ہیں، ہمارے اس گھر کے اندر بیڈ روم بھی ہوتا ہے کچن بھی ہوتا ہے ٹوائلٹ بھی ہوتا ہے اور مختلف چیزوں کے لیے اسٹور بھی ہوتے ہیں لیکن ہمارا مقصد جو ہوتا ہے وہ آرام کا کمرہ، بیڈ روم ہوتا ہے۔ کچھ ہماری ضرورت ہوتی ہے لیکن ہم جب گھر ڈیزائن کرتے ہیں تو اس کے اندر ہم کچن بھی رکھتے ہیں اسٹور بھی رکھتے ہیں، باتھ روم بھی رکھتے ہیں اور بیڈ روم بھی بناتے ہیں۔تو جیسے بیڈ روم مقصد ہے باقی ضرورتیں ہیں اسی طرح مسلمان کے لیے قرآن وسنت کا علم مقصد ہے اور باقی تمام علوم ضرورتیں ہیں۔ہم ضرورتوں سے بھی آنکھیں بند نہیں کر سکتے۔ دینی مدارس جو تعلیم دے رہے ہیں وہ مقصد ہے اور اسکول کالجز یونیورسٹیز جو تعلیم دے رہے ہیں وہ مسلمان کی ضرورت ہے۔تو ضرورت سے بھی آنکھیں بند نہیں کی جاسکتیں۔آج بدقسمتی یہ ہے کہ مقصد کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔آج ہمارے عمومی نظام تعلیم کا حصہ وہ مقصد نہیں رہا۔ضرورتیں آگئی ہیں، مثال کے طور پر ابھی حال ہی میں پاکستان کے منتخب وزیر اعظم عمران خان صاحب نے اپنی پہلی نشری تقریر میں یہ بات کہی کہ ہم چاہیں گے کہ مدارس سے انجینئر ڈاکٹر اور سائنس دان بھی نکلیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان کو شاید یہ بھی کہنا چاہیے تھا کہ ہم یہ بھی چاہیں گے کہ ہمارے اسکول وکالجز یونیورسٹی سے قرآن کریم کا حافظ، قاری اور دین کا عالم بھی نکلے۔اور اچھے مستند مفتی نکلیں......اس لیے ہماری قوم کی ضرورت جہاں انجینئر، ڈاکٹر اور سائنس دان ضرورت ہیں وہاں پر ہماری قوم کی ضرورت دین کے رہنما بھی ہیں علماء بھی ہیں، حافظ بھی ہیں اور قاری بھی ہیں مفتی بھی ہیں ...... یہ بھی ہمارے معاشرے کی ضرورت ہیں۔افسوس یہ ہے کہ آج تک کسی حکومت نے اس کو اپنا فرض سمجھا ہی نہیں۔حالانکہ یہ پاکستان کے آئین کا بھی تقاضا ہے اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو تعلیم دینی مدارس دے رہے ہیں وہ مقصد ہے جو اسکول کالجز یونیورسٹیز دے رہے ہیں وہ ہماری ضرورت ہے۔ ہونا یہ چاہیے تھا کہ ہم ایک ایسا جامع نظام تعلیم بناتے جو مقصد کو بھی پورا کر رہا ہوتا اور ضرورت کو بھی پورا کر رہا ہوتا۔ایسا نظام تعلیم بناتے جو مقصد کو پورا کر رہا ہوتا اور ضرورت کو بھی پورا کر رہا ہوتا اب اس کو ہم کیسے حاصل کریں گے اس کے لیے دونوں سائیڈ کو کچھ قدم اٹھانے ہوں گے مدارس کو بھی اٹھانے ہوں گے اور گورنمنٹ کے تعلیمی اداروں کو بھی اٹھانے ہوں گے۔ گورنمنٹ کو اپنے تعلیمی نظام میں قرآن وسنت کے علوم لانے ہوں گے اور مدارس کو سائنسی علوم اپنے مدارس کے نصاب میں لانے ہوں گے۔

**وصال اردو:** ......گورنمنٹ کی طرف سے اعتراض ایک یہ کیا جاتا ہے۔ابھی جیسے ہم نے خبر بھی سنی ہے کہ جو نئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حکومت آئی ہے اس نے یہ لازم کر دیا ہے کہ قرآن کی تعلیم لازمی ہوگی۔ اور اسی طرح پنجاب اسمبلی سے گزشتہ دور حکومت نے یہ چیزیں ہم سنتے رہتے ہیں۔ لیکن وہ لوگ یہ اعتراض کرتے ہیں کہ پہلے مدارس یا اہل دین جو ہیں وہ اس طرف نہیں آتے۔ تو آپ کی طرف گیند پھینکتے ہیں کہ آپ لوگ نہیں آتے اور آپ کو آگے آنا چاہیے اور یہ چیزیں کرنی چاہییں۔ تو ایسا نہیں ہے کہ اہل مدارس خود کالجز اور یونیورسٹیز کی طرف جاتے ہوئے تقسیم کرلیا کہ یہ تو اور لوگ ہیں اور ہم اور لوگ ہیں تو مدارس والوں کو پہل کرنا چاہیے۔ کیونکہ قیادت کا حق بھی ان کے پاس ہے۔

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس:**......زمینی حقائق اس سے مختلف ہیں۔ جو پراپیگنڈا ہے، جو کہا جاتا ہے زمینی حقائق اس سے مطابقت نہیں رکھتے۔ زمینی حقیقت یہ ہے کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان جس کا میں سیکرٹری جنرل ہوں، جس کے نیٹ ورک میں اس وقت الحمدللہ بیس ہزار مدارس ہیں۔ پچیس لاکھ طلبہ وطالبات ہمارے نیٹ ورک کے تحت تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ اسی طرح پاکستان میں دیگر مکاتب فکر کی تنظیمیں بھی ہیں، وفاق ہے اور مجموعی طور پر پاکستان میں تیس ہزار سے پینتس ہزار مدارس ہیں اور ان میں تین ملین سے زائد طلبہ وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ وفاق المدارس نے اپنے نصاب میں کلاس ون سے لے کر آٹھویں تک کے تمام مضامین کو شامل کیا۔ ہم نے اپنے مدارس کے نصاب میں انگلش کو شامل کیا، ریاضی کو شامل کیا، سائنس کو شامل کیا، مطالعہ پاکستان کو شامل کیا، اردو کو شامل کیا، کئی مدارس میں کمپیوٹر کی کلاسس ہوئیں، ٹیکنیکل ایجوکیشن ہمارے مدارس میں دی گئی، اور اس کے بعد سن ۲۰۰۱ء میں ۲۰۰۲ء میں ہم نے نائنتھ اور ٹینتھ کے مضامین کو بھی اپنے نصاب کا حصہ بنایا اور الحمدللہ ابھی حال ہی میں جو مختلف بورڈز کے رزلٹ آئے ہیں، آپ ملتان بورڈ کا رزلٹ دیکھ لیں، سرگودھا بورڈ کا لے لیں اسلام آباد فیڈرل بورڈ کا لے لیں، آپ فیصل آباد کو لے لیں اور آپ کراچی کو لے لیں تو الحمدللہ ہمارے مدارس کے طلبہ نے وہاں پر پوزیشنیں لی ہیں۔ خود جامعہ خیر المدارس ملتان کی پہلی اور تیسری پوزیشن ملتان بورڈ سے میٹرک میں ہمارے طلبہ نے لی ہے۔ اسی طرح انٹرمیڈیٹ میں۔ ہمارے مدارس میں الحمدللہ میٹرک تک کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ہم نے طلبہ اور طالبات کے لیے میٹرک تک کی تعلیم لازمی قرار دی ہے۔ میٹرک کے بعد ہم ان کو درس نظامی میں اولیٰ میں شامل کرتے ہیں۔

تو ہم نے تو یہ عملی قدم اٹھایا ہے، اپنے نصاب میں ان چیزوں کو شامل کیا اور اس کی تعلیم دے رہے ہیں اور اس کا ثبوت نتائج ہیں، اس کا ثبوت یہ رزلٹ ہیں، اسی طرح پر الحمدللہ انٹرمیڈیٹ میں بھی طلبہ پوزیشنز لے رہے ہیں۔ آگے آہستہ آہستہ جاکر گریجویشن میں جاکر بھی، کیونکہ ہمارے طلبہ کیلیے گریجویشن میں صرف دو مضمون ضروری ہیں وہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دو مضمون بھی ان شاء اللہ شامل کر لیں گے، ہمیں اس پر کوئی اشکال نہیں ہے، ہم نے تو یہ عملی قدم اٹھایا ہے، جبکہ حکومت کی طرف سے ابھی تک صرف اعلانات ہیں۔ یہ جو آپ کہہ رہے ہیں کہ قرآن کریم کی تعلیم ہوگی اور چھٹی تک قرآن کریم پڑھایا جائے گا، ناظرہ اور چھٹی سے بارہویں تک قرآن کریم کا ترجمہ پڑھایا جائے گا، یہ ابھی تک صرف کاغذوں میں ہے، یعنی عملی طور پر کام ابھی تک شروع نہیں ہوا، اب اس کے لیے ظاہر ہے انہیں اساتذہ چاہیے ہوں گے، اس کے لیے ان کو باقاعدہ آسامیاں اور ویکنسیاں لانی ہوں گی، بجٹ لانا ہوگا، اس کے حوالے سے ابھی تک کوئی کام نہیں ہوا، تو میرا عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہماری طرف سے تو زیادہ قدم اٹھے ہیں، دوسری طرف سے کم قدم اٹھے ہیں۔ ہم نے حکومت کو یہ پیش کش کی ہے اور یہ ہمیشہ ہماری پیش کش برقرار ہے کہ حکومت کلاس ون سے لے کر کلاس ٹین تک کا ایک نصاب تعلیم پہلے مرحلے میں بنائے اور اس نصاب تعلیم کے بنانے میں علماء بھی شامل ہوں، مدارس کے لوگ بھی شامل ہوں اور عصری تعلیم کے اداروں کے لوگ بھی شامل ہوں اور ہم مل بیٹھ کر جامع نصاب تعلیم بنائیں جو ہمارے دینی تقاضے بھی پورے کرے اور ہمارے عصری تقاضے بھی پورے کرے، اور وہ نصاب تعلیم مدارس میں بھی پڑھایا جائے اور وہی پرائیویٹ اسکولز میں اور گورنمنٹ اسکولوں میں پڑھایا جائے۔ ہم پہلے مرحلے میں میٹرک تک ایک نصاب بنائیں پھر اس کے بعد انٹرمیڈیٹ تک کا بنائیں۔

انٹرمیڈیٹ کے بعد اسپیشلائزیشن ہے، خود گورنمنٹ کے اداروں میں بھی ایسا ہے کہ کوئی چلا جاتا ہے میڈیکل کالج میں جس نے ڈاکٹر بننا ہوتا ہے، کوئی سائنس کی تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ سائنس کالج میں چلا جاتا ہے اور کسی نے لاء کرنا ہوتا ہے تو وہ لاء کالج میں چلا جاتا ہے اور جس نے دینی علوم میں مہارت حاصل کرنی ہو وہ مدرسہ میں آجائے۔ تو بنیادی تعلیم پہلے میٹرک تک ہوتی تھی اب انٹرمیڈیٹ تک آگئی ہے، تو بنیادی تعلیم بیسک ایجوکیشن ایک ہونی چاہیے، ہم اس کے لیے تیار ہیں، ہمیں انکار نہیں ہے۔ گیند حکومت کے کورٹ میں ہے، حکومت جب چاہے آج چاہے کل چاہے، ہم ان کے ساتھ بیٹھ کر ایسا سلیبس ڈیزائن کرنے کو تیار ہیں جو کلاس ون سے لے کر بارہویں تک انٹرمیڈیٹ تک کا ہو اور اس کے اندر ہمارے دینی تقاضے بھی پورے ہوں اور ہمارے عصری تقاضے بھی پورے ہوں۔ اس میں یہ جدید مضامین بھی ہوں اور قرآن و حدیث کا بنیادی علم بھی ہو، اور پھر انٹرمیڈیٹ کے بعد اسپیشلائزیشن ہو۔ یہ بات بھی ذہن میں رہنی چاہیے کہ یہ جو کہا جاتا ہے، کہ مدارس سے ڈاکٹر کیوں نہیں نکلتے؟ انجینئر کیوں نہیں نکلتے؟ سائنس دان کیوں نہیں نکلتے؟ تو مدارس اسپیشلائزیشن کے ادارے ہیں، اسپیشل ایجوکیشن کے ادارے ہیں، ان کا مقصد دینی تعلیم دینا ہے۔ یہ سوال اسی طرح غلط ہے جیسے میں یہ کہوں کہ میڈیکل کالج سے لائر کیوں نہیں نکلتا؟ اب میڈیکل کالج اور یونیورسٹی ڈاکٹر بنائے گی وہ قانون دان نہیں بنائے گی۔ لاء کالج جو ہے وہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

قانون کی تعلیم دے گا میڈیکل کی تعلیم نہیں دے گا، سائنس کالج سے یہ مطالبہ کیوں نہیں ہوتا کہ آپ ڈاکٹر کیوں نہیں دیتے؟ آپ لائر کیوں نہیں دے رہے؟ تو مدرسے یہ تقاضا کیوں ہو رہا ہے؟ یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ ایک شخص عالم بھی ہو اور مفتی بھی ہو قرآن کا حافظ بھی ہو وہ ڈاکٹر بھی ہو۔ انجینئر بھی ہو یہ تب ہوسکتا ہے جب ہم اپنے انجینئر، ڈاکٹر کو دین پڑھانا شروع کر دیں، تو وہ دین کے عالم بھی ہوں گے اور ڈاکٹر بھی ہوں گے وہ انجینئر بھی ہوں گے۔

**وصال اردو:**......حضرت ان کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ آپ چونکہ اہل دین ہیں ورثۃ الانبیاء ہیں۔ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ معاشرے کی ہر ضرورت کو لیڈ کریں، آپ قیادت کریں، اگر ملک میں ہسپتال ہیں، عدالتوں کا معاملہ ہے، ہماری انتظامیہ کا معاملہ ہے، پولیس اور فوج کا معاملہ ہے تو آپ کی ذمے داری ہے کہ آپ قیادت کریں، جب کہ آپ نے خود کو صرف ایک خاص دائرے میں محدود کر دیا ہے۔ دوسری طرف یہ بھی سوال ہوتا ہے آپ لوگ یہ کیوں نہیں کہتے کہ چونکہ پاکستان بنانے کا مقصد لا الٰہ الا اللہ تھا اور سب کچھ دینی اور اسلامی نظریے کی بنیاد پر بنا تھا آپ اس کے لیے احتجاج کرتے، حکومتوں کو مجبور کرتے کہ اگر آپ ملک میں یکساں ایجوکیشن نظام ملک میں نہیں لائیں گے تو ہم دھرنا دیں گے......تو یہ چیزیں بھی تو ہیں تو اس حوالے سے آپ کیا کہیں گے؟

**ناظم اعلیٰ وفاق المدارس:**......دیکھیے پہلی بات تو یہ ہے کہ ملک کی اگر قیادت ہمارے پاس آئے ملک کی ریاست کا اختیار ہمارے پاس ہو تو ہم ان شاء اللہ ایک جامع نصاب تعلیم لائیں گے، لیکن سوال یہ ہے کہ جب سے پاکستان بنا ہے اقتدار کن کے پاس رہا ہے؟ قوت نافذہ کن کے پاس ہے؟ ہمیں تو اس جگہ تک آنے ہی نہیں دیا گیا جہاں بیٹھ کر؛ بااختیار بن کر ہم کوئی فیصلہ کر سکیں، عوام ہمیں منتخب کریں، عوام ہمیں ووٹ دیں اور ہمارا مینڈیٹ جو ہے وہ چوری نہ ہو اور ہمیں اقتدار میں آنے دیا جائے اور ہم اقتدار میں آنے کے بعد پھر ملک کے نظام کو اس طرح مرتب کر سکیں، اب ہم اپنے دائرہ اختیار میں جتنی تبدیلی ہو سکتی ہے وہ ہم کر رہے ہیں، چنانچہ میں نے آپ کو بتایا کہ وفاق المدارس العربیہ نے اپنے دائرہ اختیار میں یہ تبدیلیاں کیں کہ اس نے اپنی نصاب تعلیم کو تبدیل کیا؛ اس نے اپنے نصاب تعلیم کو موجودہ تقاضوں سے ہم آہنگ کیا؛ ہمارے نصاب تعلیم میں انگلش، ریاضی، معاشرتی علوم، مطالعہ پاکستان، اردو، کمپیوٹر سائنس کے کورس اور اسی طرح ٹیکنیکل ایجوکیشن یہ تمام ہمارے مدارس کے نصاب میں شامل ہیں۔ وفاق ان کا امتحان لے رہا ہے، اسی طرح پر ہم نے الحمد للہ اپنے اساتذہ کی ٹریننگ کا نظام قائم کیا، ہم نے اپنے طلبہ کو مختلف میدانوں کے لیے تیار کیا اور ہمارے مدارس نے ہر میدان کے لیے علماء دیے، یعنی جب بھی قوم کو ملک کو ضرورت پڑی تو ہمارے علماء نے ہر میدان میں جا کر الحمد للہ رہنمائی کا کام کیا۔ تو ہم اپنے دائرہ اختیار میں اپنے دائرہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کار میں جو تبدیلی کر سکتے تھے وہ کر رہے ہیں اور جہاں تک حکومتوں پر دباؤ ڈالنے کی بات ہے؛ احتجاج کرنے کی بات ہے؛ ہم نے ہمیشہ حکومت سے مذاکرات میں؛ بات چیت میں؛ ڈائیلاگ میں ان کو اس طرف متوجہ کیا کہ آپ اپنے ملک کے نظام تعلیم کی اصلاح کریں؛ آپ اپنی ایجوکیشن کی ریفارم کریں، آپ صرف مدرسہ ریفارم کی بات نہ کریں، ایجوکیشن ریفارم کی بات کریں، آپ اپنے نظام تعلیم کو درست کریں۔

آپ بتائیے کہ کیا یہ بدقسمتی نہیں ہے کہ پاکستان کے اعلیٰ منصب پر فائز شخصیت اور وہ سورہ اخلاص نہ پڑھ سکے۔ پاکستان کا وزیر تعلیم ہو اور اس کو یہ معلوم نہ ہو کہ قرآن کریم کے کتنے پارے ہیں؟!۔ ابھی دیکھیے میں پورا احترام کرتا ہوں جو بھی ملک کا وزیر اعظم ہے لیکن آپ دیکھیے جب حلف ہو رہا تھا تو عمران خان صاحب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ کا درست تلفظ نہیں کر سکے۔ یہ ٹھیک ہے انسان گھبرا بھی جاتا ہے لیکن بہر حال پھر بھی دو تین دفعہ کہا گیا۔ یہ لوگ اصل میں اسلامی اصطلاحات سے مانوس نہیں ہیں۔ کیوں مانوس نہیں ہیں؟ کہ تعلیم وہ حاصل کی ہے جہاں ان اصطلاحات کا ذکر ہے ہی نہیں۔ تو کیا اس بات کی ضرورت نہیں ہے کہ ہمارا ملک جو نظریاتی ملک ہے وہاں نظام و نصاب تعلیم کو اسلامی تقاضوں کے ہم آہنگ کیا جائے؟! ویسے اب تو یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہم ریاست مدینہ کی طرز پر پاکستانی ریاست کو بنائیں گے۔ ریاستِ مدینہ کا نظام تعلیم کیا تھا؟ ریاستِ مدینہ کا نصابِ تعلیم کیا تھا؟ جو نصاب تعلیم تھا اس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو فرمایا فلاں فلاں زبان سیکھو، غیر مسلموں کی زبان سیکھنے کا کہا؛ اور جس طرح آپ نے ابھی اپنی گفتگو میں سوال میں کیا کہ یہاں کمانڈر بھی تیار ہوتے تھے، ہر شعبہ زندگی کی قیادت یہاں سے جاتی تھی، ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس طرح کا ایک جامع نظام بنے؛ ہم اس میں بھرپور تعاون کریں گے؛ ان شاء اللہ!

**وصال اردو:**......تو آپ کا سوال یہیں پر رہ جاتا ہے کہ ہمیں موقع نہیں دیا جاتا، ہمیں منتخب کریں نظام ہمارے حوالے کریں تو ہم چینج لا سکتے ہیں، ہم سوال یہ کرتے ہیں اور عوام بھی یہ سوال اٹھاتی ہے کہ آپ کو دوسرے کیوں منتخب کریں؟ آپ نے کتنی کوشش کی کہ آپ ملکی انتخابات میں حصہ لیں، مدارس اور جو اہل مدارس ہیں جو طلبہ ہیں ان کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ آپ لوگ خود پیچھے ہٹ گئے، کہ ہمارا کام تو صرف مسجد کے لیے امام تیار کرنا ہے اور نکاح اور جنازہ وغیرہ پڑھانا ہے۔

**ناظم اعلیٰ وفاق:** میں سمجھتا ہوں تقسیم کار کا کچھ اصول ہے۔ مثلاً میں وفاق المدارس سے تعلق رکھتا ہوں، وفاق المدارس نے اپنے ذمے ڈیوٹی یہ لی ہے کہ ہم نے ملک کے اندر دینی مدارس کے نظام کو چلانا ہے، دینی تعلیم کو لے کر چلنا ہے دینی تعلیم کو فروغ دینا ہے اور دینی تعلیم ہی کا تقاضا ہے کہ ہمارے طلبہ جدید تعلیم سے بھی





© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آشنا ہوں۔ میں دینی تعلیم سے الگ نہیں سمجھتا، عصری تعلیم کو، دینی تعلیم کا ایک تقاضا سمجھتا ہوں، دیکھیے میں دنیا میں جاتا ہوں، میں اسلام کا پیغام تب صحیح پہنچا سکتا ہوں جب مجھے وہاں کی زبان آتی ہو، جب میں دنیا کی عالمی زبان میں بات کر سکتا ہوں گا تو میں اسلام کا صحیح پیغام پہنچا سکتا ہوں۔ ہم نے اپنے ذمے یہ ڈیوٹی لی ہے کہ ہم ایک تعلیمی نظام کو آگے لے کر چلتے جائیں گے۔ ہم دینی تعلیم کو فروغ دیں گے، دینی تعلیم کے جو تقاضے ہیں ہم ان تقاضوں کو بھی پیش نظر رکھیں گے؛ چنانچہ ہم نے اپنی ذمہ داری پوری کی ہے اور کر رہے ہیں۔ آج پوری دنیا سے مسلمانوں کے بچے دینی تعلیم کے لیے پاکستان آنا چاہتے ہیں۔ آج پاکستان کے لوگوں کو دینی تعلیم کے حصول کے لیے باہر جانا نہیں پڑتا اور ان کو اس بات کا تقاضا نہیں ہوتا کہ ہم دینی تعلیم کے لیے باہر جائیں؛ جب کہ عصری تعلیم کی جن اداروں نے ذمے داری لی تھی وہ اپنی ذمے داری کو کس حد تک پورا کر رہے ہیں؟ آپ دیکھ لیں کہ اعلیٰ تعلیم کے لیے ہمارے بچے باہر جاتے ہیں، باہر کے ملکوں میں ان کو جانا پڑتا ہے۔

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہم نے تقسیم کار کے اصول کے تحت ایک کام اپنے ذمے لیا ہے اور الحمدللہ ہم اپنی اس ذمے داری کو ادا کر رہے ہیں، لیکن جو دینی سیاسی جماعتیں ہیں انہوں نے یہ ذمہ لیا ہے کہ ہم ملک کے اندر انتخابات میں حصہ لیں گے ہم جمہوری نظام کا حصہ بنیں گے اور انتخابات کے ذریعے ملک کے اندر انقلاب لائیں گے، تبدیلی لائیں گے، اور ہم ایک جمہوری طریقے سے ملک کے اندر اسلامی نظام کا نفاذ کریں گے اور جب اسلامی نظام کا نفاذ ہوگا تو اس کا مالیاتی نظام بھی آئے گا اور اس کا تعلیمی نظام بھی آئے گا، اس کا عدالتی نظام بھی آئے گا، وہ بھی علماء ہیں وہ مدارس کے پڑھے ہوئے لوگ ہیں، وہ میدان میں ہیں، انہوں نے ہمیشہ قوم سے اپیل کی ہے کہ آپ ہمیں ووٹ دیں۔ وہ اس کے لیے محنت بھی کرتے ہیں، اس کے لیے احتجاج بھی کرتے ہیں، اس کے لیے مظاہرے بھی کرتے ہیں، وہ خود مدارس کے لوگ ہیں، مدارس کے پڑھے ہوئے لوگ ہیں، یہ دینی سیاسی جماعتیں...... تو عوام پاکستان میں ان دینی سیاسی جماعتوں کو بھی ایک موقع دے اور پھر دیکھے کہ وہ تبدیلی کتنی لاتے ہیں اور ملک کے نظام میں کتنی بہتری آتی ہے؟

(باقی آئندہ ان شاء اللہ)



© rasailojaraid.com